رقم کی وصولی کا طریقہ کار

- بینیفشری کسی بھی اومنی ایجنٹ کے پاس اپنے اصل اور مؤثر شناختی کارڈ اور رقم بھیجنے والے کی جانب سے بھیجے گئے ڈسبرسل کوڈ کے ہمراہ جائے گا
- اومنی ایجنٹ اصل اور مؤثر شناختی کارڈ دیکھنے کے بعد تصدیق کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ CNIC کی میعاد گزر نہیں چکی
- اومنی ایجنٹ رقم وصول کرنے والے کے CNIC کی کاپی یو بی ایل کے ریکارڈ کیلئے وصول کریگا
- اومنی ایجنٹ بینیفشری سے مندرجہ ذیل تفصیلات اومنی ایجنٹ کے سسٹم پر درج کرنے کو کہے گا
  - ڈسبرسل کوڈ
  - بینیفشری CNIC نمبر
- کامیاب ٹرانزیکشن کی صورت میں رسید پرنٹ ہوتی ہے جو اومنی ایجنٹ کیش کے ساتھ کسٹمر کے حوالے کرتا ہے اور کسٹمر کیش کے ہمراہ اومنی ایجنٹ کی لوکیشن سے چلا جاتا ہے
- ایک تصدیقی SMS رقم بھیجنے والے کے موبائل نمبر پر بھیجا جاتا ہے

فنڈ ٹرانسفر۔P2P

رقم بھیجنے والے کا طریقہ کار

- رقم بھیجنے والا اصل اور مؤثر شناختی کارڈ کے ہمراہ اومنی ایجنٹ لوکیشن پر جائے گا
- رقم بھیجنے والا اومنی ایجنٹ کو رقم بھیجنے کیلئے درکار مندرجہ ذیل ضروری تفصیلات فراہم کریگا
  - رقم بھیجنے والے کا CNIC نمبر
  - رقم بھیجنے والے کا موبائل نمبر
  - رقم وصول کرنے والے کا CNIC نمبر
  - رقم وصول کرنے والے کا موبائل نمبر
  - ٹرانسفر کی رقم
- اومنی ایجنٹ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ CNIC رقم بھیجنے والے کا ہی ہے
- اومنی ایجنٹ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ CNIC کی میعاد گزر نہیں چکی
- رقم بھیجنے والا ڈسبرسل کوڈ اپنی مرضی سے منتخب کرسکتا ہے یا سسٹم کے ڈسبرسل کوڈ کا انتخاب کرسکتا ہے۔ یہ ڈسبرسل کوڈ رقم وصول کرنے والا اومنی ایجنٹ کے پاس استعمال کریگا۔ اگر رقم بھیجنے والا اپنی مرضی سے ڈسبرسل کوڈ منتخب کرتا ہے تو اسے یہ ڈسبرسل کوڈ اومنی ایجنٹ کے موبائل یا کمپیوٹر پر درج کرنا ہوگا
- اومنی ایجنٹ تمام تفصیلات سسٹم میں درج کریگا
- اومنی ایجنٹ اصل اور مؤثر شناختی کارڈ دیکھ کر شناختی کارڈ دیکھنے کے چیک باکس میں کلک کرتا ہے یعنی اصل اور مؤثر شناختی کارڈ دیکھنے کی ذمہ داری لیتا ہے
- اومنی ایجنٹ رقم بھیجنے والے کے CNIC کی کاپی یو بی ایل کے ریکارڈ کیلئے وصول کریگا
- اومنی ایجنٹ ٹرانزیکشن مکمل کریگا
- کامیاب ٹرانزیکشن کی صورت میں رسید پرنٹ ہوتی ہے جو اومنی ایجنٹ کسٹمر کے حوالے کرتا ہے
- سسٹم کسٹمر کو تصدیقی ایس ایم ایس بھیجے گا جس پر ایک ڈسبرسل کوڈ درج ہوگا
- بینیفشری رقم کی وصولی کے وقت یہ ڈسبرسل کوڈ استعمال کریگا جو رقم بھیجنے والا اپنی ذمہ داری پر بینیفشری کو بھیجے گا